روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

منگل 16 ستمبر 2008ء 15 رمضان 1429 ہجری 16 تبوک 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 213

ہم زندہ ہیں

حضرت ابن عباسؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

جب تمہارے بھائی احد میں شہید کئے گئے تو اللہ تعالیٰ نے ان کی روحوں کو جنت میں بھیجا۔ انہوں نے جنت کی نعماء سے لذت پائی تو انہوں نے کہا کوئی ہمارے بھائیوں کو یہ خبر پہنچائے کہ ہم جنت میں زندہ ہیں اور ہمیں رزق دیا جاتا ہے۔ تا کہ وہ جہاد سے بے رغبتی نہ کریں۔

(ابوداؤد کتاب الجہاد باب فی فضل الشہادت حدیث نمبر 2158)

دین کی خاطر اپنی جان کا نذرانہ پیش کرنے والوں کا خدا کے نزدیک بہت بڑا مقام ہے

راہ مولیٰ میں جان قربان کرنے والے دو امرائے جماعت احمدیہ کے فضائل اور اخلاص کا تذکرہ

صبر دعا اور استقامت کے ساتھ ابتلاؤں سے گزرنے والی قوم ہمیشہ زندہ رہتی ہے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطبہ جمعہ فرمودہ 12 ستمبر 2008ء بمقام بیت الفتوح مورڈن لندن کا خلاصہ

(خطبہ جمعہ کا یہ خلاصہ ادارہ الفضل اپنی ذمہ داری پر شائع کر رہا ہے)

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مورخہ 12 ستمبر 2008ء کو بیت الفتوح مورڈن لندن میں خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا۔ حضور انور کا یہ خطبہ جمعہ مختلف زبانوں میں تراجم کے ساتھ ایم ٹی اے انٹرنیشنل پر براہ راست ٹیلی کاسٹ کیا گیا۔

حضور انور نے خطبہ جمعہ کے آغاز میں سورۃ البقرہ آیات 154 تا 158 کی تلاوت کی اور فرمایا کہ آج جو مضمون میں بیان کرنے لگا ہوں وہ گزشتہ دنوں ہمارے دو مخلصین جو راہ مولیٰ میں قربان ہو گئے ان کے حوالے سے ہے۔ ان آیات میں اللہ تعالیٰ نے صبر' دعا' راہ مولیٰ میں جان فدا کرنے والوں کا مقام، ابتلاؤں کی وجہ' اللہ تعالیٰ کی رضا پر راضی رہنے کی طرف توجہ اور اس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کی طرف سے انعام پانے والوں کا ذکر ہے۔ حضور انور نے فرمایا اگر تمہیں جان اور مال کے قربان کرنے کے امتحانوں سے گزرنا پڑے اور روحانی اذیتوں کا بھی سامنا کرنا پڑے اور تم صبر' حوصلے اور دعاؤں کے ساتھ ان امتحانوں سے گزر گئے تو اللہ تعالیٰ ہمیشہ تمہارے ساتھ رہے گا اور تمہیں کبھی بھی اکیلا نہیں چھوڑے گا۔

حضور انور نے فرمایا کہ خدا تعالیٰ جان کی قربانی کرنے والوں کے مقام کے بارے میں فرماتا ہے کہ دین کی خاطر اپنی جان کا نذرانہ پیش کرنے والوں کا خدا تعالیٰ کے نزدیک ایک بہت بڑا مقام ہے۔ ایک حدیث میں آنحضرتؐ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک اس کی راہ میں جان کی قربانی پیش کرنے والوں کی چھ خصوصیات ہیں یہ کہ اسے خون کا پہلا قطرہ گرنے کے وقت ہی بخش دیا جائے گا' وہ جنت میں اپنے ٹھکانے کو دیکھ لے گا' اسے قبر کے عذاب سے پناہ دی جائے گی' وہ بڑی گھبراہٹ سے امن میں رہے گا' اس کے سر پر ایک ایسا وقار کا تاج رکھا جائے گا جس کا ایک یاقوت دنیا و مافیہا سے بہتر ہوگا اور اسے اپنے ستر اقارب کی شفاعت کا حق دیا جائے گا۔

حضور انور نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ دشمن تو تمہیں اس لئے قتل کرتا ہے کہ زندگی کا خاتمہ کر کے عددی لحاظ سے بھی تمہیں کم اور کمزور کر دے لیکن ایک یا چند اشخاص کا قتل جو خدا کے لئے ہوا' اس سے جماعتیں مردہ نہیں ہو جایا کرتیں بلکہ ایک شخص کی موت کئی اور مومنوں کی زندگی کے سامان کر جاتی ہیں۔ بلکہ اس نے ان میں وہ روح پھونک دی ہے جس نے نئی زندگی انہیں عطا کی ہے' اپنی قربانیوں کے قائم کرنے کا وہ فہم عطا کیا ہے جس سے وہ ایک نئے جوش اور جذبے سے دین کی خاطر ہر قربانی کے لئے تیار ہو جاتے ہیں۔

حضور انور نے گزشتہ دنوں راہ مولیٰ میں قربان ہونے والے دو مخلصین جماعت کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ پہلے راہ مولیٰ میں قربان ہونے والے ہمارے بہت ہی پیارے بھائی ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی صاحب امیر ضلع میر پور خاص سندھ ہیں۔ محترم ڈاکٹر صاحب موصوف اور آپ کے والد ڈاکٹر عبدالرحمٰن صدیقی صاحب کا خلافت کے ساتھ اطاعت و وفا کا سلوک' ان کے خاندانی کوائف' تعلیمی قابلیت' ذاتی خوبیوں جماعتی خدمتوں اور کے والد صاحب اور ان کے نانا جان ڈاکٹر حشمت اللہ صاحب رفیق حضرت مسیح موعود کا اپنے اور اپنے خاندان کے ساتھ خاص تعلقات کا بھی تذکرہ فرمایا' حضور انور نے محترم ڈاکٹر صاحب کی اہلیہ محترمہ امۃ الشافی صاحبہ کے عظیم حوصلے اور صبر کے مظاہرے اور اسی طرح اپنے خاوند کے ساتھ کامل وفا کا ذکر بھی کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ محترم ڈاکٹر صاحب کے درجات بلند کرے اور ان کی اہلیہ اور ان کی بزرگ والدہ محترمہ کو صحت و سلامتی والی لمبی زندگی کے ساتھ بچوں کی خوشیاں دکھائے۔ حضور انور نے غیر از جماعت لوگوں کے ڈاکٹر صاحب کے قتل پر افسوسناک اور اس واقعہ کے خلاف مذمتی پیغامات پڑھ کر سنائے اور ڈاکٹر صاحب موصوف کے بارے میں نیک تاثرات کے اظہار کا ذکر فرمایا۔ حضور انور نے فرمایا کہ دوسرے جو راہ مولیٰ میں قربان ہوئے وہ مکرم سیٹھ محمد یوسف صاحب امیر ضلع نواب شاہ سندھ ہیں۔ ان کے خلافت کے ساتھ اخلاص و وفا کے تعلق' ان کی ذاتی خوبیوں اور جماعتی خدمات کا ذکر کرتے ہوئے ان دونوں فدایان سلسلہ کے بارے میں حضور انور نے فرمایا کہ یہ ہیں جماعت کی خدمت کرنے والے کارکنان۔

حضور انور نے دو زخمیوں کے لئے بھی دعا کا اعلان فرمایا۔ ایک تو شیخ سعید احمد صاحب ہیں جن کو اس ماہ رمضان کے آغاز میں کراچی میں اپنی دکان پر بیٹھے ہوئے گولیاں مار کر شدید زخمی کر دیا گیا اور دوسرے ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی صاحب کے ساتھ ان کے احمدی گارڈ مکرم عارف صاحب یہ بھی شدید زخمی ہیں اللہ تعالیٰ فضل فرمائے اور ان کو صحت دے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں بھی اور قوم کو بھی ان انسانیت دشمن لوگوں سے محفوظ رکھے' ان دنوں بہت دعائیں کریں' اللہ تعالیٰ سب کو اپنی حفاظت میں رکھے۔ آمین

مستحق طلبہ کی امداد

جماعت میں بہت سے ایسے افراد جو غربت کی وجہ سے اپنے بچوں کی پڑھائی کے اخراجات نہ اٹھا سکتے ہیں ایسے مستحق اور غریب طلباء کیلئے صدر انجمن احمدیہ میں ایک شعبہ ''امداد طلبہ'' کے نام سے قائم ہے۔

یہ شعبہ مخیرّ احباب کی طرف سے ملنے والے عطیات اور مالی معاونت سے ہی چل رہا ہے۔ اس شعبہ کے تحت سینکڑوں طلباء و طالبات اپنی تعلیم جاری رکھے ہوئے ہیں۔ یہ رقوم درج ذیل صورتوں میں خرچ کی جاتی ہیں۔

1۔ سالانہ داخلہ جات 2۔ ماہوار ٹیوشن فیس
3۔ درسی کتب کی فراہمی 4۔ فوٹو کاپی مقالہ جات کیلئے رقوم
5۔ دیگر تعلیمی ضروریات

پاکستان میں فی طالب علم اوسطاً سالانہ اخراجات اس طرح سے ہیں۔

1 پرائمری/سیکنڈری 6 تا 8 ہزار روپے سالانہ۔
2۔ کالج لیول 12 تا 15 ہزار روپے سالانہ۔
3۔ بی ایس سی، ایم ایس سی و دیگر پروفیشنل ادارہ جات ایک لاکھ روپے تک۔

سینکڑوں طلباء جن کو اس شعبہ کے تحت امداد فراہم کی جاتی ہے لیکن اس وقت اس شعبہ پر بے انتہا مالی بوجھ ہے۔ جس کیلئے عطیات کی فوری ضرورت ہے۔

آپ سے درخواست ہے کہ اس کار خیر میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور اپنے حلقہ احباب میں بھی موثر رنگ میں تحریک فرماویں کہ اس شعبہ کے لئے دل کھول کر حصہ ڈالیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کے خلوص میں بے انتہا برکت ڈالے۔ آمین

یہ عطیہ جات براہ راست نگران امداد طلباء نظارت تعلیم یا خزانہ صدر انجمن احمدیہ کی مد ''امداد طلباء'' میں بھجوائے جا سکتے ہیں۔

(نگران امداد طلباء نظارت تعلیم)

تعارف

آداب ہجر ... رزق خیال

شاعر: عبدالکریم قدسیؔ

کھدر پوش ایوارڈ یافتہ پنجابی شعری مجموعے ''سردل'' کے شاعر جناب عبدالکریم قدسی کا عام قاری کے لئے معروف حوالہ پنجابی شاعر کی حیثیت سے ہے۔ حال ہی میں خلافت احمدیہ صدسالہ جوبلی کے سلسلہ میں آپ کے دو اردو شعری مجموعے ''آداب ہجر'' اور ''رزق خیال'' منظر عام پر آئے ہیں۔ ''رزق خیال'' میں قدسی صاحب نے 1979ء سے 1993ء تک کا کلام جبکہ ''آداب ہجر'' میں 1994ء سے 2001ء تک کا کلام شامل کیا ہے۔ اس سے قبل جناب قدسی صاحب حضرت مسیح موعود کے معرکۃ الآراء عربی قصیدے کے اردو اور پنجابی منظوم تراجم کرنے کی سعادت حاصل کر چکے ہیں۔ ''آداب ہجر'' میں محترم عبدالسمیع خان ایڈیٹر الفضل ''قدسیوں کا شاعر'' کے زیر عنوان لکھتے ہیں:۔

''یہ درویش شاعر اپنے حال میں مست اور دنیا کی شوکت سے بے پرواہ ہے وہ جانتا ہے کہ ریڈیو کی صدا ہوا میں اڑ جاتی ہے۔ اخبار کے حرف دوسرے دن ردی کی ٹوکری میں نظر آتے ہیں مگر سلسلہ کا لٹریچر جتنا پرانا ہو آثار قدیمہ کی طرح قیمتی اور نایاب ہوتا چلا جاتا ہے۔ اس لئے اس کی لذت سرکاری ریڈیو اور کثیر التعداد اشاعت اخباروں میں نہیں جماعت کے اخبارات ورسائل میں ہے''۔

خود عبدالکریم قدسی صاحب نے ''تذکرے محبت کے'' اس طرح بیان کئے ہیں جو نوجوان شاعروں اور ادیبوں کے لئے مشعل راہ ہیں۔ ادب کی وادیٔ پُرخار میں جن مراحل اور تجربات سے نوجوان شاعروں کو گزرنا پڑتا ہے یہ ''داستان محبت'' قدسیؔ صاحب کے قلم سے پڑھ کر اس سے مہمیز کا کام لیا جا سکتا ہے۔

''رزق خیال پر چند سطور'' کے زیر عنوان مشہور نقاد پروفیسر ڈاکٹر عبدالکریم خالد لکھتے ہیں:۔

''عبدالکریم قدسی ایک سادہ منش اور درویش صفت انسان ہیں۔ قدرت نے انہیں بے پناہ خوبیوں اور شاعرانہ صلاحیتوں سے نوازا ہے۔ ان کی پنجابی شاعری ایک طویل ریاضت اور محنت کے سبب یوں نکھر کر سامنے آئی ہے کہ پنجابی ادب کی تاریخ کا ضروری حصہ بن گئی ہے۔ پنجابی ادب کے تاریخ نگار کسی بھی مرحلے پر انہیں نظر انداز کرنے کا خطرہ مول نہیں لیتے اور اہل نقد ونظر ان کے ذکر کے بغیر اپنی تحریروں کو بے اعتبار سمجھتے ہیں۔ لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ وہ محض پنجابی حلقوں تک ہی محدود ہو گئے ہیں اور اردو دان طبقے کے لئے غیر اہم ہیں''۔

غالب کو اپنی فارسی شاعری پر بڑا ناز تھا مگر خدا کی قدرت انہیں دنیائے ادب میں لازوال شہرت اردو کے مختصر دیوان کی بدولت ملی۔ جناب عبدالکریم قدسی اردو اور پنجابی ہر دو زبانوں کے قادر الکلام شاعر ہیں۔ ہم یہ فیصلہ آنے والے وقت پر چھوڑتے ہیں کہ قدسی صاحب کا معروف حوالہ ان کی پنجابی شاعری ہے یا اردو؟ عمدہ کاغذ، خوبصورت ٹائٹل اور دلنشیں شاعری کے حامل شعری مجموعے ''آداب ہجر'' اور ''رزق خیال'' سے چند اشعار قارئین کرام کی نذر۔

جانے کس رستے سے آئے گا وہ اپنا شہسوار
شہر کا ہر راستہ، آراستہ کرتے رہو

.....

ہم تھوڑے ہیں لیکن ہمیں حقیر نہ سمجھو
ہم ابابیلوں کے چونچوں میں کنکر ہیں

.....

ہمیں بھی چاہئے اشکوں کی فصل پر قرضہ
زمین درد کا ہم بھی لگان دیتے ہیں

.....

اپنے بے خواف کواڑوں کو مقفل نہ کرو
روٹھنے والا کسی روز تو گھر آئے گا

.....

دار و رسن سے زنجیروں سے ڈرتے ہیں سب
اک ہم ہیں جو اس گہنے کی ضد کرتے ہیں

.....

زمین دل ہو کہ لاہور ہو یا لندن ہو
محبتوں کی عبادت قضا نہیں کرنا

.....

دل معبد ہے قدسی اس کی توقیر و تکریم کرو
دل کا شہر اجڑ جائے تو بستے بستے بستا ہے

(الف۔ن۔ع)

ولادت

۞ مکرمہ زبیدہ بیگم صاحبہ اہلیہ مکرم چوہدری عبداللطیف صاحب تارڑ مرحوم کولوتارڑ ضلع حافظ آباد تحریر کرتی ہیں کہ میرے بیٹے مکرم خاور محمود تارڑ صاحب مقیم جرمنی کو اللہ تعالیٰ نے شادی کے 15 سال بعد مورخہ 15 جولائی 2008ء کو پہلی بیٹی سے نوازا ہے جس کا نام حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے ملیحہ محمود تارڑ عطا فرمایا تھا۔ نومولودہ وقف نو کی بابرکت تحریک میں شامل ہے۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست کہ اللہ تعالیٰ بچی کو صحت والی لمبی عمر عطا کرے اور خادمہ دین بنائے۔ آمین

ایلومینیم کے برتن کھانے پکانے کے لئے استعمال کرنے سے پرہیز کریں۔

مکرم رانا محمد سرور ارشد صاحب

تم صبر کرو

رخصت ہوا منانؔ خدا دیکھ رہا ہے
یوسفؔ ہوا قربان خدا دیکھ رہا ہے

معصوموں کا یہ خون تو رنگ لا کے رہیگا
اب کیوں ہو پریشان خدا دیکھ رہا ہے

اندھیر نہیں اتنا کہ وہ دیکھ نہ پائے
ہر ظلم کا عنوان خدا دیکھ رہا ہے

ہر فضلِ خدا ہوگا شہیدوں کے گھروں پر
تم صبر کرو جان خدا دیکھ رہا ہے

ہم اہل محبت ہیں ہمیں غور سے دیکھو
اے امن کے داعیان خدا دیکھ رہا ہے

ہم نے تو کسی سے کبھی نفرت نہیں رکھی
رکھا ہے جو یہ ایمان خدا دیکھ رہا ہے

تم کیسے مٹا دو گے جو تقدیر اٹل ہے
اے وقت کے نادان خدا دیکھ رہا ہے

ناصر احمد سید

منان! مرحبا

تو جانثار دیں، تو مسیحا کا اک غلام
منان مرحبا تجھے، تجھ پر بہت سلام

تو خوش نصیب ہے بہت، تیرا ہے یہ مقام
تیرے لئے تڑپ اٹھا، پیارا میرا امام

ناصر احمد سید

مکرم رانا محمد سرور ارشد صاحب

سالانہ تربیتی پروگرام

(مجلس انصاراللہ ضلع اوکاڑہ)

اللہ تعالیٰ کے فضل کے ساتھ مجلس انصاراللہ ضلع اوکاڑہ نے مورخہ 24۔اگست 2008ء کو احمدیہ بیت الذکر اوکاڑہ میں سالانہ تربیتی پروگرام منعقد کیا۔ بیت الذکر کو خوب سجایا گیا تھا۔ پروگرام سے قبل لوائے انصاراللہ لہرایا گیا۔ 11 بجے صبح محترم صاحبزادہ مرزا غلام احمد صاحب صدر مجلس انصاراللہ پاکستان کی صدارت میں پروگرام کا آغاز ہوا۔ تلاوت قرآن کریم 'عہد اور نظم کے بعد مکرم ڈاکٹر عامر محمود صاحب امیر ضلع اوکاڑہ نے افتتاحی خطاب کیا۔ ازاں بعد مکرم ارشاد احمد دانش صاحب مربی ضلع اوکاڑہ' مکرم مجید احمد قریشی صاحب (ر) سپرنٹنڈنٹ جیل اور مکرم عبدالخالق خالد صاحب قائد تعلیم مجلس انصاراللہ پاکستان نے تقاریر کیں۔ ان تقاریر کے بعد خاکسار ناظم مجلس انصاراللہ ضلع اوکاڑہ نے سالانہ رپورٹ پیش کی۔ اختتامی خطاب صدر مجلس ومہمان خصوصی محترم صاحبزادہ مرزا غلام احمد صاحب صدر مجلس انصاراللہ پاکستان نے فرمایا۔ آخر پر محترم مہمان خصوصی کے ارشاد پر مکرم امیر صاحب ضلع نے اجتماعی دعا کروائی۔ پروگرام کے اختتام پر تمام حاضرین کی خدمت میں ظہرانہ پیش کیا گیا۔ کل 215/افراد نے پروگرام میں شرکت کی۔ اللہ تعالیٰ اس پروگرام کے نیک اثرات قائم فرمائے اور ہم سب کو خلافت سے وابستہ رکھے۔ آمین

☆☆☆

پبلشر وپرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

خطبہ جمعہ

قرآن کریم کی تعلیم مستقل اور ہر زمانہ کے لئے ہے اور ہر زمانہ کے حالات کے مطابق اس پر غور کرنے والوں پر اس تعلیم کے عجائبات اور راز کھلتے ہیں

جو اس پر غور کرنے والا ہے اس سے فائدہ اٹھائے گا یا فائدہ اٹھانے کی کوشش کرے گا تو اس کو فائدہ پہنچے گا

اگر اس تعلیم پر عمل کرو اور نیکیوں کی طرف توجہ دو جو قرآن میں بیان ہوئی ہیں تو اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں رہو گے

جامعہ احمدیہ قادیان کے دو طالبعلموں وسیم احمد اور حافظ اطہر احمد کی حادثاتی موت کا تذکرہ اور نماز جنازہ غائب

خطبہ جمعہ حضرت مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرمودہ 8/اگست 2008ء بمطابق 8 ظہور 1387 ہجری شمسی بمقام بیت الفتوح، لندن (برطانیہ)

خطبہ جمعہ کا یہ متن ادارہ الفضل اپنی ذمہ داری پر شائع کر رہا ہے

خدا تعالیٰ کی ایک صفت مُهَيْمَن ہے، اس لفظ کے اہل لغت نے مختلف معنے کئے ہیں، وہ مَیں پہلے آپ کے سامنے رکھتا ہوں۔

لسان العرب، ایک لغت کی کتاب ہے، اس میں لکھتے ہیں کہ اَلْمُهَيْمِنُ اور اَلْمُهَيْمَنُ اللہ تعالیٰ کی وہ صفت ہے جو پرانی کتابوں میں بیان ہوئی ہے۔ قرآن کریم میں آتا ہے کہ وہ مُهَيْمِنًا عَلَيْه یعنی بعض لوگوں نے مُهَيْمِن کا مطلب گواہ کیا ہے جس کا معنی ہے کہ وہ اس پر گواہ ہے۔ تو اس رُو سے وہ لکھتے ہیں کہ مُهَيْمِن کے معنی ہوں گے گواہ اور وہ ذات جو دوسروں کو خوف سے امن میں رکھے۔

اَلْاَزْهَرِی، مشہور لغوی ہیں وہ کہتے ہیں کہ مُهَيْمِن کا مطلب ہے، امین یعنی امانت دار۔ بعض نے مُهَيْمِن کو مُؤْتَمَن کے معنوں میں بھی بیان کیا ہے یعنی وہ ذات جس کو امین سمجھا جائے۔ مُهَيْمِنًا عَلَيْه کے معنی ہیں وہ ذات جو مخلوقات کے معاملات پر نگران اور محافظ ہو۔ مُهَيْمِن کے معنی بعض نے رقیب کے کئے ہیں یعنی وہ ذات جو نگران ہو۔

پھر ایک جگہ لغت میں کہتے ہیں، قرآن کریم کے مُهَيْمِنًا عَلَيْه ہونے کا ایک معنی یہ کیا گیا ہے کہ یہ کتب سابقہ پر نگران اور محافظ ہے۔

وہیب سے مروی ہے کہ جب بندہ وجودِ باری تعالیٰ میں فنا ہو جاتا ہے اور صدیقوں کی مُهَيْمَنِيَّت میں داخل ہو جاتا ہے تو پھر کوئی مادی چیز ایسی نہیں رہتی جو اس کے دل کو بھائے۔ مُهَيْمَنِيَّت کا لفظ مُهَيْمِن کی نسبت سے ہے اور اس سے مراد ہے صدیقین والا اطمینان قلب۔ یعنی جب بندہ اُس درجہ کو پہنچ جاتا ہے تو نہ کوئی چیز بھاتی ہے اور نہ ہی اللہ کے سوا کوئی چیز اسے پسند آتی ہے۔

پھر اَلْقَامُوْس میں ہے کہ اَلْمُهَيْمِن یہ اللہ تعالیٰ کی صفات میں سے ہے اور مومن کے معنوں میں آیا ہے یعنی وہ ذات جو دوسروں کو خوف سے امن میں رکھنے والی ہو۔

لغت کی ایک کتاب اَقْرَبُ الْمَوَارِد ہے اس میں لکھا ہے کہ مُهَيْمِن، یہ اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام ہے، اس کا مطلب ہے کہ اَلْاَمِيْن۔ امن دینے والا یا نگران۔ اَلْمُؤْتَمَن وہ ذات جس کے پاس امانت رکھی جائے اور جس کو امین سمجھا جائے۔ اَلشَّاهِد گواہ (۔) وہ ذات جو اپنی مخلوقات کے اعمال اور ان کے رزق اور ان کی عمروں کی حدوں پر نگران اور محافظ ہو۔

قرآن کریم میں اس صفت کا استعمال دو جگہ آتا ہے۔ ایک سورۃ المائدہ کی آیت 49 اور سورۃ الحشر کی آیت 24 میں۔ پرانے مفسرین نے بھی ان آیات کے حوالے سے اس کے بعض معنی بیان کئے ہیں۔ پہلے مَیں مفسرین نے جو لکھا ہے وہ بیان کر دیتا ہوں۔

شیخ اسماعیل حقی تفسیر روح البیان میں لکھتے ہیں کہ قرآن کریم کو جو مُهَيْمِنًا عَلَيْه کہا گیا ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ یہ تمام محافظ کتابوں کے تغیر و تبدل ہونے پر نگران ہے اور اب یہ قرآن اُن کی سچائی اور صحت اور پختگی اور شریعت کے بنیادی اور فروعی اصول کی گواہی دے گا اور پرانی شریعتوں کے جو احکام منسوخ ہو گئے اور جو باقی رہ گئے ان سب کی تعیین اب یہ کرے گا۔

پس اب یہ قرآن کریم ہے جو آخری شرعی کتاب ہے اور آنحضرت ﷺ پر اللہ تعالیٰ نے اتارا ہے۔ جس کا ہر ہر لفظ سچ اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے اور پرانی کتب کی تصدیق کرنے والا ہے۔ اب اگر سچائی ہے تو قرآن کریم میں ہے اور پرانی کتب اور صحیفوں کی بھی وہی باتیں صحیح ہیں جن کی قرآن کریم تصدیق کرتا ہے۔ کیونکہ جیسا کہ قرآن کریم نے فرمایا ہے کہ مُهَيْمِنًا عَلَيْه اسے تمام کتب پر نگران بنایا گیا ہے جیسا کہ مفسرین نے بھی لکھا ہے۔

سورۃ المائدہ کی آیت 49 کے شروع میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ (۔) (المائدہ:49) تو یہ تصدیق کے ساتھ مُهَيْمِنًا عَلَيْهِ کہہ کر اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم کی حفاظت کی بھی یقین دہانی کرا دی کہ پہلے صحیفوں کی ہمیشہ صحت سے رہنے کی تو کوئی ضمانت نہیں تھی۔ لیکن یہ قرآن کریم کیونکہ ان پر اب نگران اور محافظ ہے اس لئے نگران اور محافظ ہونے کی حیثیت سے خود بھی محفوظ ہے۔ اور اس بارے میں دوسری جگہ واضح الفاظ میں قرآن کریم میں خدا تعالیٰ فرماتا ہے کہ (۔) (الحجر:10)۔

اس بارہ میں حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ: ’’خداوند نے کہا تھا کہ مَیں اپنے کلام کی آپ حفاظت کروں گا۔ اب دیکھو کیا یہ سچ ہے یا نہیں کہ وہ تعلیم جو آنحضرت ﷺ نے خدائے تعالیٰ کی طرف سے بذریعہ اس کی کلام کے پہنچائی تھی وہ برابر اس کی کلام میں محفوظ چلی آتی ہے‘‘۔

پس یہ حفاظت کا وعدہ جو قرآن کریم کے بارے میں خدا تعالیٰ نے فرمایا ہے یہ اس بات کی بھی تصدیق کرتا ہے کہ پہلی کتب کی جو باتیں قرآن کریم تصدیق کرتا ہے وہی سچی باتیں ہیں۔ غیر ....قرآن کریم کی باتوں کو مانیں یا نہ مانیں لیکن ان کا ایک بہت بڑا طبقہ جو مذہب سے دلچسپی رکھتا ہے یہ مانتا ہے کہ ان کی کتب 100 فیصد اصلی حالت میں نہیں ہیں۔ دوسرے 100 فیصد اس پر عمل کرنے کی کوشش نہیں ہوتی۔

قرآن کریم کے بارہ میں بھی لوگ یہ تسلیم کرتے ہیں کہ یہ ابتداء سے آج تک اپنی اصلی حالت

میں ہے۔گو کہ بعض شبہات پیدا کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔جیسا کہ مَیں نے ایک خطبہ میں ذکر کیا تھا کہ امریکہ میں گزشتہ دنوں کوشش کی گئی ہے اور اب اس کی تحقیق کی جارہی ہے لیکن ابھی تک یہ ثابت نہیں کر سکے۔تو قرآن کریم کے بارہ میں بھی یہ تسلیم کرتے ہیں کہ یہ صحیح حالت میں ہے اور یہی چیز قرآن کریم کو باقی صحیفوں پر فوقیت دلواتی ہے۔پس یہاں قرآن کریم کا یہ دعویٰ کہ یہ باقی کتب پر نگران ہے اس کے باقی کتب پر نگران ہونے اور پہلے انبیاء کے جو واقعات اس میں بیان کئے گئے ہیں ان کے سچے ہونے کی دلیل ہے اور پرانی کتب میں بیان کردہ واقعات وہی سچے ہیں جن کو قرآن کریم نے ردّ نہیں کیا یا جن کی تصدیق کی ہے۔

اس طرح اس سے یہ بھی مراد ہے کہ قرآن کریم کی تعلیم مستقل اور ہر زمانہ کے لئے ہے اور ہر زمانہ کے حالات کے مطابق اس پر غور کرنے والوں پر اس تعلیم کے عجائبات اور راز کھلتے ہیں۔اور پھر صرف جماعتی سطح اور قومی سطح پر ہی نہیں بلکہ انفرادی طور پر بھی ہر شخص جو اس کتاب کو ماننے والا ہے اور جو اس پر غور کرنے والا ہے اس سے فائدہ اٹھائے گا یا فائدہ اٹھانے کی کوشش کرے گا تو اس کو فائدہ پہنچے گا۔یعنی روحانی طور پر بھی اور مادی طور پر بھی ہر شخص اس سے فائدہ اٹھا سکتا ہے۔

پس اگر حقیقی فائدہ اٹھانا ہے تو اس تعلیم کا جُوا جو قرآن کریم میں بیان ہوئی ہے اپنی گردن پر ڈالنا ہوگا اور پھر اسی وجہ سے ہر شخص ایمان میں بھی مضبوط ہوتا چلا جائے گا۔خدا تعالیٰ کی صفت مُھَیۡمِن سے پھر فیض اٹھائے گا۔پس ہمیشہ ہمیں یاد رکھنا چاہئے کہ یہ فیض اٹھانے کے لئے اس تعلیم پر عمل کرنا، اس میں بیان کردہ احکامات پر عمل کرنا اور ان نیکیوں میں آگے بڑھنے کی ضرورت ہے جو اللہ تعالیٰ نے اس میں بیان فرمائی ہیں۔

اللہ تعالیٰ ایک دوسری جگہ فرماتا ہے (۔) (سورۃ البقرہ:149) اور ہر ایک شخص کا ایک مطمح نظر ہوتا ہے جسے وہ اپنے آپ پر مسلط کر لیتا ہے سو تمہارا مطمح نظر یہ ہو کہ تم نیکیوں کے حصول میں ایک دوسرے سے آگے بڑھنے کی کوشش کرو۔پس اس تعلیم پر عمل کرنے والا بننے کے لئے یہ نیکیاں مسلط کرنی ہوں گی۔یا مسلط کرنے کی کوشش کرنی ہوگی۔نیکیوں کو ہر دوسری بات پر فوقیت دینی ہوگی۔

سورۃ المائدہ کی آیت کے شروع میں سابقہ کتب کا ذکر کرکے اس طرف توجہ دلائی ہے کہ وہ لوگ اُس تعلیم کو بھول گئے جو انہیں دی گئی تھی۔اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ان کی کتب میں تحریف شروع ہو گئی اور ان انعامات سے بھی وہ لوگ محروم ہو گئے۔اگر نہ بھولتے اس میں تحریف نہ کرتے تو انعام سے بھی محروم نہ ہوتے۔یہود و عیسائی پھر اس کے نتیجہ میں آنحضرت ﷺ پر ایمان لانے والے ہوتے۔لیکن قرآن کریم کے بارہ میں اللہ تعالیٰ نے وعدہ فرمایا ہے کہ اس میں تحریف نہیں ہوسکتی۔کوئی ردّ و بدل نہیں ہوسکتا۔اس کی حفاظت خدا تعالیٰ خود فرمائے گا۔ایک تو یہ تحریری صورت میں محفوظ ہے، گزشتہ 1500 سال سے محفوظ چلی آرہی ہے، دوسرے لاکھوں حفاظ کے سینوں میں محفوظ ہے، اور پھر مجددین کے ذریعہ سے اس کی تعلیم پر عمل بھی ہمیشہ محفوظ رہا ہے۔چاہے تھوڑے پیمانے پر رہا ہو..........اس لئے تعلیم کے بگڑنے کا تو سوال نہیں لیکن افراد کے بگڑنے کا امکان پیدا ہوسکتا ہے۔اس لئے ہر فرد کو بھی یہ تنبیہ کردی گئی کہ اس تعلیم پر عمل کرو اور ان اعمال صالحہ اور نیکیوں کی طرف توجہ دو جو قرآن کریم میں بیان ہوئی ہیں تو اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں رہو گے۔قرآن کریم میں یہ تنبیہ فرما دی کہ یہ قرآن کیونکہ نگران ہے اس لئے ہر فیصلہ اس کے مطابق ہونا چاہئے۔نیکیوں کے معیار اب اس کے مطابق مقرر ہونے چاہئیں جو قرآن کریم میں بیان ہوئے ہیں۔

ایک دوسری جگہ قرآن کریم میں خدا تعالیٰ فرماتا ہے (۔) (المومنون:58) یعنی وہ لوگ اپنے ربّ کے رعب سے ڈرنے والے ہیں۔پھر فرمایا (۔) (المومنون:59) وہ لوگ جو اپنے رب کی آیات پر ایمان لاتے ہیں۔پھر فرمایا ہے (۔) (المومنون:60) اور وہ لوگ جو اپنے ربّ کے ساتھ شریک نہیں ٹھہراتے۔پھر فرماتا ہے (۔) (المومنون:61) اور وہ لوگ کہ جو بھی وہ دیتے ہیں اس حال میں دیتے ہیں کہ ان کے دل اس خیال سے ڈرتے رہتے ہیں کہ وہ یقیناً اپنے رب کے پاس لوٹ کر جانے والے ہیں۔

یہ خصوصیات بیان کرنے کے بعد خدا تعالیٰ فرماتا ہے کہ (۔) (المومنون:62) کہ یہی وہ لوگ ہیں جو بھلائیوں میں تیزی سے آگے بڑھ رہے ہیں اور وہ ان پر سبقت لے جانے والے ہیں۔

پس ان آیات میں نیکیوں میں بڑھنے والوں کی کچھ خصوصیات بیان کی گئی ہیں۔پہلی بات یہ کہ دنیا داری ان کا مطمح نظر نہیں ہوتا۔جیسا کہ پہلے فرمایا تھا کہ تمہارا مطمح نظر بھلائی میں بڑھنا ہے بلکہ سب سے اہم چیز جن کی انہیں تلاش ہے وہ خدا تعالیٰ کی ذات ہے اور اللہ تعالیٰ سے تعلق صرف ظاہری الفاظ کا نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کی خشیت ان کے دلوں پر قائم ہوتی ہے۔اللہ تعالیٰ کا رعب ان پر ہوتا ہے اور اس رعب اور ڈر کی وجہ سے اور اس تعلق کی وجہ سے جو خدا تعالیٰ سے ہے وہ اس کے احکامات پر عمل کرتے ہیں۔اللہ تعالیٰ کی ذات ان کو ہر وقت ہر کام سے پہلے اپنے وجود کا احساس دلا رہی ہوتی ہے۔ہر وقت ان کے ذہن میں ہوتا ہے کہ خدا تعالیٰ کی ایک ذات ہے جو ہر وقت مجھے دیکھ رہی ہے۔وہ اپنے ایمان میں بڑھنے کی کوشش کرتے ہیں۔اللہ تعالیٰ کی تمام آیات پر ایمان لاتے ہیں۔قرآن کریم کی تمام پیشگوئیوں پر انہیں یقین ہوتا ہے۔قرآن کریم ایک قائم رہنے والی کتاب ہے جس نے گزشتہ صحیفوں کو بھی درست کیا ہے یا تصدیق کی ہے اور آئندہ کے لئے بھی (۔) کے زندہ ہونے کے کچھ نشان ظاہر فرمائے اور اس زمانے میں مسیح موعود کا ظہور بھی ان نشانوں میں سے ایک نشان ہے۔............

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ:’’یاد رکھنا چاہئے کہ قرآن شریف نے پہلی کتابوں اور نبیوں پر احسان کیا ہے جو ان کی تعلیموں کو جو قصے کے رنگ میں تھیں علمی رنگ دے دیا ہے۔مَیں سچ سچ کہتا ہوں کہ کوئی شخص ان قصوں اور کہانیوں سے نجات نہیں پا سکتا جب تک وہ قرآن شریف کو نہ پڑھے کیونکہ قرآن شریف ہی کی یہ شان ہے کہ وہ (۔) (الطارق:14-15)‘‘یعنی یقیناً وہ ایک فیصلہ کن کلام ہے اور ہرگز کوئی بیہودہ کلام نہیں‘‘۔

فرماتے ہیں کہ’’وہ میزان مُھَیۡمِن، نور اور شفا اور رحمت ہے۔جو لوگ قرآن شریف کو پڑھتے اور اسے قصہ سمجھتے ہیں انہوں نے قرآن شریف نہیں پڑھا بلکہ اس کی بے حرمتی کی ہے۔ہمارے مخالف کیوں ہماری مخالفت میں اس قدر تیز ہوئے ہیں؟ صرف اسی لئے کہ ہم قرآن شریف کو جیسا کہ خدا تعالیٰ نے فرمایا ہے وہ سراسر نور، حکمت اور معرفت ہے، دکھانا چاہتے ہیں۔اور وہ کوشش کرتے ہیں کہ قرآن شریف کو ایک معمولی قصے سے بڑھ کر وقعت نہ دیں۔ہم اس کو گوارا نہیں کر سکتے۔خدا تعالیٰ نے اپنے فضل سے ہم پر کھول دیا ہے کہ قرآن شریف ایک زندہ اور روشن کتاب ہے، اس لئے ہم ان کی مخالفت کی کیوں پروا کریں۔غرض مَیں بار بار اس امر کی طرف ان لوگوں کو جو میرے ساتھ تعلق رکھتے ہیں نصیحت کرتا ہوں کہ خدا تعالیٰ نے اس سلسلہ کو کشف حقائق کے لئے قائم کیا ہے کیونکہ بدوں اس کے عملی زندگی میں کوئی روشنی اور نور پیدا نہیں ہوسکتا اور مَیں چاہتا ہوں کہ عملی سچائی کے ذریعہ (۔) کی خوبی دنیا پر ظاہر ہو جیسا کہ خدا نے مجھے اس کام کے لئے مامور کیا ہے۔اس لئے قرآن شریف کو کثرت سے پڑھو مگر نرا قصہ سمجھ کر نہیں بلکہ ایک فلسفہ سمجھ کر‘‘۔

(ملفوظات جلد دوم صفحہ 113۔جدید ایڈیشن)

پھر اللہ تعالیٰ نے آگے فرمایا کہ نیکیوں میں بڑھنے والے گروہ کی تعریف یہ ہے کہ وہ کسی کو بھی اللہ کے مقابلے میں شریک نہیں ٹھہراتے۔لیکن مسیح موعود کے زمانہ کے حالات بیان فرماتے ہوئے اللہ تعالیٰ سورۃ الجمعۃ میں فرماتا ہے کہ مخفی شرک اس زمانے کے (۔) میں اس حد تک نظر آئے گا کہ باوجود (۔) کہلانے کے عبادات کی طرف توجہ نہیں ہوگی۔تجارتیں اور دل بہلاوے کی چیزیں انہیں نمازوں کی نسبت زیادہ پرکشش نظر آرہی ہوں گی۔بجائے نیکیوں میں بڑھنے کے وہ یہود و نصاریٰ کی طرح (۔) اور قرآن کی تعلیم کو بھلا رہے ہوں گے۔عبادات کی طرف توجہ بھی کم ہوگی اور اعمال صالحہ کی بجا آوری کی طرف بھی توجہ کم ہوگی۔چنانچہ آج ہم دیکھتے ہیں (۔) کی اکثریت اسی پر چلتی

نظر آتی ہے۔لیکن ہمیں بھی یہ بات دعوت فکر دیتی ہے کہ ہم بھی اپنے جائزے لیتے رہیں کہ کہیں اپنے آپ کو اپنے نفس کے دھوکے میں تو نہیں ڈال رہے؟

پھر ایک نشانی یہ بتائی کہ نیکیوں میں بڑھنے والے اپنی دولت دونوں ہاتھوں سے اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں۔لیکن پھر بھی یہ خوف رہتا ہے کہ پتہ نہیں اس معیار پر پورے اتر بھی رہے ہیں یا نہیں جو خدا تعالیٰ چاہتا ہے۔کہیں اُس معیار سے نیچے رہ کر اللہ تعالیٰ کی ناراضگی مول لینے والے تو نہیں بن رہے؟ پس یہ باتیں ایسی ہیں جو پھر آگے باریک در باریک نیکیوں کی طرف توجہ دلاتی ہیں اور اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ان کے حصول کے لئے نہ صرف ایک مومن کوشش کرتا ہے بلکہ ان میں بڑھنے کی بھی کوشش کرتا ہے اور جب یہ عمل ہوں گے تو تب ایک انسان اس خدا کی پناہ میں رہے گا جو ایک ہے اور اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔جو زمین و آسمان کا بادشاہ ہے، جو قُــدُّوْس ہے، جو سَلَام ہے، جو امن دینے والا ہے، جو مُهَيْمِنْ ہے، جو عَـزِيْز ہے، جو ٹوٹے کام بنانے والا ہے، اور جو کبریائی والا ہے۔اس کا ذکر اللہ تعالیٰ نے سورۃ الحشر میں کیا ہے۔پس اللہ تعالیٰ کی صفات کا فہم حاصل کرنا ہر مومن کا فرض ہے اور جب اس فہم کے حصول کی کوشش ہوگی تو تب ہی ایمان میں بھی مزید ترقی ہوگی۔

ایک روایت میں آتا ہے، علامہ طبرسی نے سورۃ الحشر کی آیت کے ضمن میں یہ حدیث بیان کی ہے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ مَیں نے اپنے حبیب رسول اللہ ﷺ سے اللہ کے اسم اعظم کی بابت پوچھا جس پر آپ نے فرمایا سورۃ الحشر کی آخری آیات کثرت سے پڑھنے کا التزام کرو۔

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ رسول کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپؐ نے فرمایا کہ جس کسی نے بھی سورۃ الحشر کی آخری آیات رات یا دن کو تلاوت کیں اور اسی دن یا رات کو فوت ہو گیا اس کے لئے جنت واجب ہوگی۔

وہ آخری آیات یہ ہیں (۔) (الحشر:23) اللہ ہی ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ غائب اور حاضر کو جانتا ہے، وہی بے انتہا کرم کرنے والا خدا ہے اور وہی بار بار رحم کرنے والا خدا ہے۔پھر اگلی آیت میں ہے۔ (۔) (الحشر:24) وہی اللہ ہے جس کے سوا اور کوئی معبود نہیں۔وہ بادشاہ ہے، پاک ہے، سلام ہے، امن دینے والا ہے، نگہبان ہے، کامل غلبہ والا ہے، ٹوٹے کام بنانے والا ہے اور کبریائی والا ہے، پاک ہے اللہ اس سے جو وہ شرک کرتے ہیں۔

پھر فرمایا (۔)(الحشر:25) اللہ ہی ہر چیز کا پیدا کرنے والا اور ہر چیز کا موجد ہے اور ہر چیز کو اس کی مناسب سی صورت دینے والا ہے، اس کی بہت سی اچھی صفات ہیں، آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے اس کی تسبیح کر رہا ہے اور وہ غالب اور حکمت والا ہے۔

یہاں یہ بھی واضح ہونا چاہئے کہ صرف تلاوت ہی نجات کے سامان پیدا نہیں کرے گی۔یقیناً تلاوت بھی ایک اچھا کام ہے۔اس کا حکم بھی ہے کہ قرآن کریم کی اچھے لحن میں تلاوت کی جائے۔ لیکن ہمیشہ یہ یاد رکھنا چاہئے کہ اللہ تعالیٰ نے ایک طرف تو عبادت انسان کا مقصد پیدائش بتایا ہے لیکن اس کے باوجود بعض لوگوں کی عبادت کے بارے میں فرمایا کہ ان کی نمازیں ان پر لعنت ڈالیں گی۔کیوں؟ اس لئے کہ وہ دکھاوے کی عبادتیں ہیں یا دل سے ادا نہیں کی جارہیں۔تو صرف تلاوت ہی نجات کا ذریعہ نہیں بنے گی۔صرف یہ آیات پڑھ لینا ہی نجات کا ذریعہ نہیں بنیں گی اگر ان پر غور نہ ہو۔اللہ تعالیٰ کی صفات کو سمجھتے ہوئے، اس سے فیض پانے کی دعا نہ ہو، اس کے لئے کوشش نہ ہو، اپنی عبادتوں کے معیار بلند نہ ہوں، خالصتاً اس کے لئے ہو کر عبادت نہ کی جائے، اعمال صالحہ بجا لانے کی طرف توجہ نہ کی جائے۔نیکیاں جو قرآن کریم میں درج کی گئی ہے، ان پر غور کرتے ہوئے ان کو بجالانے کی طرف توجہ نہ کی جائے تب تک صرف آیتوں کا پڑھنا کوئی فائدہ نہیں دے گا۔تو پھر خالص ہو کر اس کی تسبیح کی جائے، پھر یہ نیکی کے معیار بلند کرتی ہے، جیسا کہ حضرت مسیح موعود نے بھی جو مَیں نے اقتباس پڑھا توجہ دلائی ہے۔پھر یہ اللہ تعالیٰ کا قرب دلانے والی بنے گی۔پس اس غائب اور حاضر کو جاننے والے خدا جو عالم الغیب والشہادہ ہے کے سامنے جب مومن جاتا ہے تو یہ سمجھ کر جاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کو دھوکہ نہیں دیا جا سکتا۔ہر فعل جو ایک مومن کرتا ہے وہ اللہ تعالیٰ کی رضا کے حصول کے لئے کرتا ہے اور اس کا خوف دل میں رکھتے ہوئے کرتا ہے، تو پھر ہی ان برکات سے مستفید ہو گا جو اللہ تعالیٰ نے اپنی صفات میں رکھی ہیں۔جن کے بارے میں حدیث مَیں نے پڑھی کہ یہ آیات پڑھو تو اللہ تعالیٰ بخشش کے سامان پیدا فرماتا ہے۔پس صرف منہ سے الفاظ ادا کرنا کافی نہیں اگر یہ بغیر غور و فکر اور عمل کے ہوں۔پس اس غور اور اس فکر اور اس مقام کے حصول کے لئے کوشش کرنی چاہئے اور اس کوشش کے ساتھ انسان یہ آیات پڑھے گا تو پھر اللہ تعالیٰ کا پیار حاصل کرنے والا ہوگا۔اللہ تعالیٰ سب کو اس کی توفیق عطا فرمائے۔

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں: ''انسان کے اندر جب حقیقی ایمان پیدا ہو جاتا ہے تو اس کو اعمال میں ایک خاص لذت آتی ہے اور اس کی معرفت کی آنکھ کھل جاتی ہے اور وہ اس طرح نماز پڑھتا ہے جس طرح نماز پڑھنے کا حق ہوتا ہے۔گناہوں سے اسے بیزاری پیدا ہو جاتی ہے۔ناپاک مجلس سے نفرت کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ اور رسول کی عظمت اور جلال کے اظہار کے لئے اپنے دل میں ایک خاص جوش اور تڑپ پاتا ہے۔ایسا ایمان اسے حضرت مسیحؑ کی طرح صلیب پر بھی چڑھنے سے نہیں روکتا۔وہ خدا تعالیٰ کے لئے اور صرف خدا تعالیٰ کے لئے حضرت ابراہیمؑ کی طرح آگ میں بھی پڑ جانے سے راضی ہوتا ہے۔جب وہ اپنی رضا کو رضاء الٰہی کے ماتحت کر دیتا ہے تو پھر اللہ تعالیٰ جو علیمٌ بذات الصدور ہے اس کا محافظ اور نگران ہو جاتا ہے اور اسے صلیب پر سے بھی زندہ اتار لیتا ہے اور آگ میں سے بھی صحیح سلامت نکال لاتا ہے۔مگر ان عجائبات کو وہی لوگ دیکھا کرتے ہیں جو اللہ تعالیٰ پر پورا ایمان رکھتے ہیں''۔

اللہ تعالیٰ ہم میں سے ہر ایک کو ایمان میں کامل کرے اور اسے بڑھاتا رہے اور ہم اللہ تعالیٰ کی صفات کا صحیح ادراک رکھتے ہوئے ہمیشہ نیکیوں میں آگے بڑھنے والے ہوں اور اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں رہتے ہوئے اس کی تائید و نصرت کے نظارے دیکھتے چلے جائیں۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خطبہ ثانیہ میں فرمایا:

دو افسوسناک خبریں ہیں۔ہمارے قادیان کے دو نوجوان گزشتہ دنوں وفات پا گئے تھے ایک جامعہ احمدیہ قادیان کے طالب علم وسیم احمد تھے۔ان کی عمر 21 سال تھی جو قادیان کے قریب ایک نہر ہرچوال میں نہاتے ہوئے ڈوب گئے۔یہ بڑا تیرنے والا لڑکا تھا اور سمندر میں نہانے کی مہارت رکھتے تھے بلکہ لوگوں کو تیراکی سکھایا کرتے تھے۔لگتا ہے نہر میں نہاتے ہوئے کہیں چھلانگ لگائی ہے تو سر کسی چیز سے ٹکرایا ہے جس کی وجہ سے بیہوشی ہوئی ہے اور پھر پتہ نہیں لگا۔دو تین دن کے بعد لاش ملی۔اس وقت کوئی دیکھ نہیں رہا تھا۔فوری طور پر نکالا جاتا تو شاید۔بہرحال اللہ تعالیٰ کی تقدیر تھی۔عزیز موصی تھے اور بڑی دُور، لکش دیپ کے رہنے والے تھے۔ان کو کھلے سمندر میں نہانے کی بڑی مہارت تھی۔

دوسرے طالب علم عزیز حافظ اطہر احمد جو مکرم حافظ مظہر احمد طاہر صاحب نائب افسر جلسہ سالانہ قادیان کے بیٹے تھے۔3/اگست کو بعد نماز عشاء حافظ صاحب اپنے بیٹوں کے ساتھ اپنے کسی عزیز کو لینے کے لئے بٹالہ گئے، جب واپس آرہے تھے تو قادیان سے کوئی 2-3 کلومیٹر پہلے سڑک پر ایک بڑا درخت تھا جو اچانک سڑک پر گر گیا اور گاڑی اس سے ٹکرائی، جس کی وجہ سے ایکسیڈنٹ میں یہ وفات پا گئے۔باقی بھی شدید زخمی ہوئے لیکن یہ طالب علم جس کی 19 سال عمر تھی وہاں فوری طور پر ان کی وفات ہوگئی اور یہ بھی حافظ قرآن تھے جیسا کہ مَیں نے کہا اور جامعہ احمدیہ میں اس سال داخل ہوئے تھے۔اللہ تعالیٰ دونوں نوجوانوں سے مغفرت کا سلوک فرمائے اور ان کے درجات بلند فرمائے۔

ابھی انشاء اللہ نمازوں کے بعد ان کی نماز جنازہ غائب مَیں ادا کروں گا۔

☆☆☆

مکرم مظفر احمد شہزاد صاحب

پیارے بھائی مسعود احمد عامر کا ذکر خیر

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد مبارک ہے کہ اپنے میں سے خدا کی منشاء کے مطابق فوت ہو جانے والوں کی خوبیوں اور نیکیوں کا ذکر کیا کرو آج میں اس مضمون میں اپنے بڑے بھائی مکرم مسعود احمد عامر کا ذکر خیر کروں گا۔ جو ہم سب کو چھوڑ کر مورخہ 28 دسمبر 1987ء بروز پیر اپنے مالک حقیقی سے جا ملے۔ اللہ تعالیٰ کروٹ کروٹ جنت عطا فرمائے۔ آمین

برادرم مسعود احمد عامر انتہائی خوش قسمت تھے کہ آپ کے دادا جان حضرت میاں جان محمد صاحب، پڑدادا حضرت میاں غلام محمد صاحب اور پڑنانا حضرت مولوی رحمت علی صاحب آف پھیرو چچی نزد قادیان رفقاء حضرت مسیح موعود میں شمار ہوتے ہیں۔ اس وجہ سے آپ نے بھی ان بزرگوں کی اپنی نسلوں کے لئے کی گئی دعاؤں میں سے وافر حصہ پایا۔ بھائی مسعود نوجوانی کی عمر میں جب آپ آٹھویں کلاس میں زیر تعلیم تھے اپنے رب سے جا ملے۔ آپ پڑھائی میں ذہین طلباء میں شمار ہوتے تھے اس کا ثبوت یہ ہے کہ گاؤں کے باقی لڑکے بھائی جان سے مفت ٹیوشن پڑھنے اور سبق سمجھنے آتے۔ اس وقت گاؤں میں بجلی کی سہولت نہ تھی آپ دیئے یا لالٹین کی روشنی میں خود بھی پڑھتے اور اپنے ساتھیوں کو ہوم ورک وغیرہ کرنے میں مدد دیا کرتے تھے۔

خاکسار خود بھائی جان کی ان شفقتوں سے حصہ پاتا رہا میری عمر چھ سال کی ہوگی۔ بچپن کی یہ یادیں اب بھی خوشگوار تصور کے ساتھ ذہن میں محفوظ ہیں۔ دیئے کی روشنی میں بھائی جان میرا ہاتھ پکڑ کر قلم سے لکھنا سکھاتے، نقطوں والی ہینڈ رائٹنگ کو خوشخط بنانے والی کاپیاں میرے لئے سکول سے سپیشل طور پر لاتے اور ان نقطوں پر صحیح انداز میں لکھنے میں میری مدد کرتے۔

امی جان بیان کرتی ہیں کہ ''مسعود جسے پیار سے سب ''پولو'' کہہ کر پکارتے تھے انتہائی فرمانبردار، ہر ایک کے کام آنے والا اور ایک خصوصی بات کہ گھر کے ہر کام میں وہ میرا ہاتھ بٹاتا تھا۔ اتنی چھوٹی عمر میں بھی کسی کا دل نہ دکھاتا تھا جب بھی کوئی بڑا اس کو کام کہتا تو ہنسی خوشی وہ کام کرتا۔ نمازوں کا پابند اور اطفال الاحمدیہ کی تنظیم کا فعال رکن، فجر سے پہلے یا عشاء سے پہلے گاؤں میں ہونے والی اطفال کی صل علی میں لازمی شریک ہوتا۔ چاہے سردی ہو یا گرمی...... نماز سادہ و باترجمہ سیکھنے میں شوق دکھایا اور باقی اطفال کی نسبت جلد یاد کر لی۔ دینی معلومات بھی عمر کے مطابق کافی یاد تھی''۔

بھائی مسعود احمد عامر ایک ہنس مکھ، محنتی اور خادم دین نوجوان تھے۔ ابو جان (مکرم یعقوب احمد صاحب) نے صرف ایک ہی بات پر ہم بہن بھائیوں کو ڈانٹا ہے اور وہ ہے نماز کی بروقت ادائیگی نہ کرنے کی وجہ، اس بات کا احساس بچپن سے ہی ہم بہن بھائیوں کے ذہن میں بٹھا دیا۔ اگر فجر کی نماز ہم میں سے کوئی بہن یا بھائی نہ پڑھتا تو سزا کے طور پر ہمیں ناشتہ نہیں ملتا تھا یہ سبق ہمیں والدین کی طرف سے سکھایا گیا۔

امی جان بھائی مسعود کی ایک دلچسپ بچپن کی یاد بیان کرتے ہوئے بتاتی ہیں کہ ''ایک دفعہ مسعود نے مغرب کے بعد چمکتا ہوا جگنو دیکھا تو کوشش کر کے اسے پکڑ لیا اور جیب میں ڈال لیا۔ جیب میں اندھیرا ہونے کی وجہ سے جگنو چمکنے لگا تو مسعود نے بڑی معصومیت سے مجھے کہا امی جان جگنو خود تو نہ جانے کہاں چلا گیا ہے مگر اپنی روشنی میری جیب میں ہی چھوڑ گیا ہے''۔

بھائی مسعود احمد عامر اپنے امی ابو کے فرمانبردار اور کہا ماننے میں مثالی تھے امی جان بیان کرتی ہیں کہ اگر میں آدھی رات کو بھی آواز دیتی تو فوراً جواب دیتے۔ جی امی جی۔ اپنے ابو کے ہر حکم پر جان چھڑکتا تھا بہت پیار کرتا تھا اور والدین کے لئے قرآن کریم کی دعا رب ارحمھما کما ربّٰینی صغیرا کا مجسم نمونہ تھا۔ اپنے بڑے بھائیوں اور چچاؤں کی بات ماننے والا، ہر شخص اس کا گرویدہ اور اس کے لئے دعا گو رہتا تھا۔ چھوٹی عمر میں ہی ہر ایک کا ہمدرد کام آنے والا، پڑوسیوں کا سودا سلف لا کر دینے والا۔ خدمت خلق اس کا شیوہ تھا۔

بھائی مسعود احمد عامر 1973ء کو گوٹھ میاں جان محمد تعلقہ عمر کوٹ ضلع تھرپارکر سندھ میں پیدا ہوئے اور چھوٹی عمر میں اپنے مولائے حقیقی کی آواز پر لبیک کہتے ہوئے اس جائے فانی سے کوچ کر گئے۔ آپ کی وفات کے وقت عمر تقریباً چودہ پندرہ سال تھی اور آپ آٹھویں جماعت میں زیر تعلیم تھے۔ آپ کے ٹیچرز غیر از جماعت اور ہندو بھی تھے وہ سب جو الگ الگ مضامین کے ٹیچر تھے۔ آپ کی محنت اور ذہانت کے قائل تھے اور ہوم ورک چیک کرنے پر آپ کو نوٹ بک پر شاباش دیتے۔ عمر کے حساب سے خوش خط تھے اور حساب کے مضمون میں خاصی دلچسپی تھی۔

محمود آباد سٹیٹ میں آپ کی نماز جنازہ مکرم بابو عنایت اللہ صاحب صدر جماعت نے پڑھائی اور احمدیہ قبرستان میں آپ کی تدفین ہوئی۔ اللہ تعالیٰ آپ کو کروٹ کروٹ جنت نصیب کرے۔ آپ کی مغفرت فرمائے اور جنت النعیم میں جگہ عطا فرمائے۔ آمین

رحمت کی آبشار

عرشی مری طرح سے سبھی کو ہے اعتبار
موجیں ہوں سر پھری بھی تو بیڑہ لگے گا پار

اپنا جو ناخدا ہے خدا کا ہے انتخاب
ہم خوش نصیب نوح کی کشتی میں ہیں سوار

اک ڈھال ہے امام، رہو اس کی آڑ میں
اس ڈھال پر اثر نہیں کرتا ہے کوئی وار

فضل خدا سے دَور خلافت ہے پانچواں
جاری ہے سو برس سے یہ رحمت کی آبشار

اس میں نہا کے پاک و مطہر ہوئے بہت
بس میں نہیں مرے کہ میں انکا کروں شمار

عاجز ہیں خاکسار و اطاعت گذار ہیں
ہم نے امامِ وقت کو دی نفس کی مہار

اُس کو بقا ملی ہے فنا جس نے کی قبول
جو مٹ گیا، خوشی سے ہوا خاک پائے یار

نشہ ہے عاجزی میں شراب طہور کا
یہ مے ہے پاک اور مزہ اس کا خوشگوار

تشبیہ کس سے دوں میں خلافت کے فیض کو
سایہ ہے یہ خدا کا یہی حرفِ اختصار

ا۔ع۔ ملک

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 86601 میں عبدالمنان

ولد عبدالحکیم قوم شیخ پیشہ طالب علم عمر 16 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن ماڈل ٹاؤن لاہور بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 10-5-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/600 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔عبدالمنان ۔گواہ شد نمبر 1 عبدالحکیم والد موصی ۔گواہ شد نمبر 2 چوہدری عبدالعلی ولد چوہدری عبدالقدیر

مسل نمبر 86602 میں ذوالفقار علی کھوکھر

ولد ملک محمد علی داؤد کھوکھر قوم کھوکھر پیشہ ملازمت عمر 35 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن ماڈل ٹاؤن لاہور بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 2-9-07 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/3500 روپے ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ذوالفقار علی کھوکھر۔گواہ شد نمبر 1 ملک محمد علی داؤد کھوکھر والد موصی۔گواہ شد نمبر 2 طاہر محمود خان ولد لطیف احمد خان (مرحوم)

مسل نمبر 86603 میں شیخ قمر احمد فضل

ولد شیخ فضل احمد قوم شیخ پیشہ تجارت عمر 43 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن ماڈل ٹاؤن لاہور بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 26-5-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) رہائشی مکان واقع ماڈل ٹاؤن لاہور (2) پلاٹ برقبہ 1 کنال مالیتی -/1000000 روپے (2) از ترکہ والد مرحوم ملی رقم -/2400000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/200000 روپے ماہوار بصورت تجارت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔شیخ قمر احمد فضل۔گواہ شد نمبر 1 سردار افتخار الغنی ولد سردار عبدالشکور۔گواہ شد نمبر 2 طاہر محمود خان ولد لطیف احمد خان

مسل نمبر 86604 میں شائستہ علی

زوجہ چوہدری عبدالعلی خاں قوم جٹ پیشہ خانہ داری عمر 41 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن ماڈل ٹاؤن لاہور بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ...... میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) طلائی زیور 0 5 8 - 7 4 6 گرام مالیتی اندازاً -/1 1 1 3 0 0 0 روپے (2) حق مہر بذمہ خاوند -/100000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/4000 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔شائستہ علی۔گواہ شد نمبر 1 چوہدری عبدالعلی خاں خاوند موصیہ۔گواہ شد نمبر 2 سردار افتخار الغنی

مسل نمبر 86605 میں عبیدہ بیگم

بیوہ چوہدری عبدالقدیر خاں (مرحوم) قوم راجپوت پیشہ خانہ داری عمر 55 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن ماڈل ٹاؤن لاہور بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 25-1-08 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) طلائی زیور 184 گرام اندازاً مالیتی -/300000 روپے (2) سیونگ سرٹیفکیٹ -/200000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/3500 روپے ماہوار بصورت پنشن/منافع مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔عبیدہ بیگم۔گواہ شد نمبر 1 چوہدری عبدالعلی خاں۔گواہ شد نمبر 2 سردار افتخار الغنی

مسل نمبر 86606 میں تحسین ابرار

زوجہ ڈاکٹر ابرار احمد قوم ...... پیشہ خانہ داری عمر 51 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن ماڈل ٹاؤن لاہور بقائمی ہوش وحواس بلا جبرو اکراہ آج بتاریخ 24-5-08 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) پلاٹ برقبہ ساڑھے سترہ مرلے واقع ماڈل ٹاؤن لاہور (2) طلائی زیور 200-583 گرام اندازاً مالیتی -/1000000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/2000 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔تحسین ابرار۔گواہ شد نمبر 1 سردار افتخار الغنی گواہ شد نمبر 2 شرجیل آفاق

مسل نمبر 86607 میں کنیز فاطمہ

زوجہ عبدالسلام عارف قوم بھٹی پیشہ خانہ داری عمر 56 سال بیعت 1968ء ساکن نیو گارڈن ٹاؤن لاہور بقائمی ہوش وحواس بلا جبرو اکراہ آج بتاریخ 31-4-08 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) طلائی زیور 3 تولے (2) حق مہر -/5 0 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/3000 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ کنیز فاطمہ۔گواہ شد نمبر 1 منیر احمد شیخ ولد شیخ تاج الدین (مرحوم) گواہ شد نمبر 2 فرحت رفیق ولد چوہدری رفیق احمد

مسل نمبر 86608 میں عبدالسلام عارف

ولد میاں محمد عبداللہ قوم بھٹی پیشہ پنشنر عمر 57 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن نیو گارڈن ٹاؤن لاہور بقائمی ہوش وحواس بلا جبرو اکراہ آج بتاریخ 15-5-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/6000 روپے ماہوار بصورت پنشن مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔عبدالسلام عارف۔گواہ شد نمبر 1 منیر احمد شیخ۔گواہ شد نمبر 2 فرحت رفیق

مسل نمبر 86609 میں عنیزہ زبیر

زوجہ زبیر احمد قوم ککے زئی پیشہ خانہ داری عمر 26 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن ماڈل ٹاؤن لاہور بقائمی ہوش وحواس بلا جبرو اکراہ آج بتاریخ 3-4-08 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) طلائی زیور 20 تولے مالیتی -/360000 روپے (2) حق مہر -/100000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/2000 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔عنیزہ زبیر۔گواہ شد نمبر 1 علی عزیز احمد ولد ملک عبدالرحیم۔گواہ شد نمبر 2 زبیر احمد خاوند موصیہ

مسل نمبر 86610 میں نعمانہ عائشہ مجید

بنت میاں مجید الرحمٰن حمید قوم آرائیں پیشہ طالب علم عمر 15 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن فیصل ٹاؤن لاہور بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 16-5-08 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔نعمانہ عائشہ مجید۔گواہ شد نمبر 1 یحیٰی عماد وصیت نمبر 38923۔گواہ شد نمبر 2 حافظ اسامہ خرم وصیت نمبر 42045

مسل نمبر 86611 میں امامہ طوبیٰ مجید

بنت میاں مجید الرحمٰن حمید قوم آرائیں پیشہ طالب علم عمر 18 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن فیصل ٹاؤن لاہور بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 16-5-08 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔امامہ طوبیٰ مجید۔گواہ شد نمبر 1 میاں یحیٰی عماد وصیت نمبر 38923۔گواہ شد نمبر 2 میاں موسیٰ نذیر وصیت نمبر 42044

مسل نمبر 86612 میں فرحانہ اقبال

بیوہ محمد اقبال (مرحوم) قوم مغل پیشہ خانہ داری عمر 40 سال بیعت 1993ء ساکن فیصل ٹاؤن لاہور بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 21-5-08 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) طلائی زیور 10 تولے مالیتی -/200000 روپے (2) حق مہر -/25000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/2000 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔فرحانہ اقبال۔گواہ شد نمبر 1 محمد رمضان ولد چوہدری محمد فیض۔گواہ شد نمبر 2 محمد افضال ولد محمد رمضان

مسل نمبر 86613 میں محمد اسماعیل

ولد چوہدری غلام قادر قوم جٹ کُھٹہ پیشہ مزدوری عمر 62 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن محمدی پارک لاہور بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 17-5-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) زرعی اراضی ساڑھے تین ایکڑ واقع نانو مہندی نارووال۔ اس وقت مجھے مبلغ -/36000 روپے سالانہ آمد از جائیداد بالا ہے۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میں اقرار کرتا ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتا رہوں گا۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔محمد اسماعیل۔گواہ شد نمبر 1 چوہدری افتخار احمد وصیت نمبر 39061۔گواہ شد نمبر 2 شفیق احمد مربی سلسلہ وصیت نمبر 30255

مسل نمبر 86614 میں ظفر احمد

ولد خادم حسین قوم جٹ پیشہ کاروبار عمر 42 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دلشاد کالونی لاہور بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 19-5-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے (1) رہائشی مکان اندازاً مالیتی -/800000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/3000 روپے ماہوار بصورت کاروبار مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ظفر احمد۔گواہ شد نمبر 1 افتخار احمد وصیت نمبر 39061۔گواہ شد نمبر 2 شفیق احمد

مربی سلسلہ وصیت نمبر 30255

مسل نمبر 86615 میں کرامت علی

ولد برکت علی قوم جٹ پیشہ مزدوری عمر 59 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن الطاف پارک لاہور بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 20-5-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) 5 مرلہ رہائشی مکان اندازاً مالیتی -/1000000 روپے (2) زرعی اراضی ڈیڑھ ایکڑ۔ اس وقت مجھے مبلغ -/3500 روپے ماہوار بصورت مزدوری مل رہے ہیں۔ اور بطور ٹھیکہ مبلغ -/10000 روپے سالانہ آمداز جائیداد بالا ہے میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میں اقرار کرتا ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتا رہوں گا۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ کرامت علی۔ گواہ شد نمبر 1 محمود احمد۔ گواہ شد نمبر 2 شفیق احمد مربی سلسلہ

مسل نمبر 86616 میں حاجی امین احمد

ولد چوہدری علی محمد قوم جٹ بُھٹہ پیشہ مزدوری عمر......سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن نیوشاد باغ لاہور بقائمی ہوش وحواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 17-5-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے (1) 7 مرلہ رہائشی مشترکہ مکان اندازاً مالیتی -/3000000 روپے (5 بھائی 2 بہنیں حصہ دار ہیں)۔ اس وقت مجھے مبلغ -/3000 روپے ماہوار بصورت مزدوری مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ حاجی امین احمد۔ گواہ شد نمبر 1 امیر علی وصیت نمبر 39027۔ گواہ شد نمبر 2 چوہدری افتخار احمد وصیت نمبر 39061

مسل نمبر 86617 میں محمد مشتاق

ولد چوہدری علی محمد (مرحوم) قوم جٹ بُھٹہ پیشہ مزدوری عمر 42 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن الطاف پارک لاہور بقائمی ہوش و حواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 17-5-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) 7 مرلہ رہائشی مشترکہ مکان اندازاً مالیتی -/3000000 روپے کا حصہ (5 بھائی 2 بہنیں حصہ دار ہیں)۔ اس وقت مجھے مبلغ -/3000 روپے ماہوار بصورت مزدوری مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ محمد مشتاق۔ گواہ شد نمبر 1 امیر علی وصیت نمبر 39027 گواہ شد نمبر 2 چوہدری افتخار احمد وصیت نمبر 39061

مسل نمبر 86618 میں خلیل احمد

